More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

اٹھارھواں سبق

گائے اور بکری

شاعر: علامہ اقبال

(۱) ایک چراہ گاہ کسی جگہ بہت سرسبز تھی اور ایسا محسوس ہوتا جیسے یہاں بہار کا سماں ہو۔

(۲) اس کے ماحول کو کیا بیان کیا جائے بس ہر طرف ندیاں جاری تھیں۔

(۳) یہاں ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چلتی تھیں اور پرندوں کی چہچہاہٹ سنائی دیتی تھی۔

(۴) اسی ندی کے قریب ایک بکری چرتے ہوئے یہاں آگئی۔

(۵) یہاں آکر اس نے اِدھر اُدھر نظر ڈالی تو ایک گائے کو بھی یہاں کھڑے دیکھا۔

(۶) بکری نے کہا بڑی بی تمہارے مزاج کیسے ہیں؟ گائے نے کہا شکر ہے اُس خدا کا اور سب خیریت ہے۔

(۷) گائے نے کہا اپنی بھلی یا بُری زندگی گزر رہی ہے اور زندگی بس مصیبت میں ہی ہے۔

(۸) بس آدمی سے خدا کسی کا پالا نہ ڈالے اس سے بھلائی کی اُمید نہیں۔

(۹) اگر دُودھ کم دوں تو بڑبڑ کرنے لگتا ہے اور اگر دُبلی ہو جاؤں تو پھر بھی بُرا سا منہ بنالیتا ہے۔

(۱۰) نیکی کے بدلے بُرائی مل رہی ہے بس اللہ ہی کی دُہائی ہے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(۱۱) بکری نے جب یہ سارا ماجرہ سُنا تو کہا کہ ایسی شکایت کرنا اچھی بات نہیں۔
(۱۲) سچی بات تو بُری لگتی ہے مگر میں خدا لگتی ہی کہوں گی۔
(۱۳) ہم پر اس (آدمی) کا بڑا احسان ہے۔ ہمارے لیے یہ مناسب نہیں کہ شکوہ کریں۔
(۱۴) یہ بات سُن کر گائے شرما گئی اور آدمی کا گلہ کرنے سے پچھتائی۔
(۱۵) اپنے دِل میں اچھی بُری بات کو پرکھا اور پھر سوچ کر کہا۔
(۱۶) یوں تو بکری چھوٹی ہے لیکن اس کی بات دِل کو لگتی ہے۔

مشق

۱۔ دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

(الف) نظم کے پہلے شعر میں کیا بات کہی گئی ہے؟

جواب: ایک چراگاہ بہت زیادہ سرسبز تھی اور اس کو دیکھ کہ محسوس ہوتا تھا جسے ہر سمت بہار آئی ہوئی ہو۔

(ب) بکری نے گائے کو کیا کہہ کر مخاطب کیا؟

جواب: بکری نے گائے کو "بڑی بی" کہہ کر مخاطب کیا۔

(ج) گائے نے آدمی کے بارے میں کیا کیا شکاتیں کیں؟

جواب: گائے نے کہا کہ خدا کسی کا پالا آدمی سے نہ پڑے اگر میں دودھ ذرا کم دُوں تو بڑ بڑانے لگتا ہے اور اگر ذرا دُبلی ہو جاؤں پھر بھی طیش میں آجاتا ہے، نیکی کے بدلے تو مجھے اس سے برائی ہی ملتی ہے بس اللہ ہی سے میری فریاد

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

ہے۔

(د) بکری نے جواب میں کیا کہا؟

جواب: بکری نے کہا آپ کا یہ گلہ مناسب نہیں، میں تو سچی بات کہوں گی جو دوسروں کو کڑوی لگتی ہے۔ سچ تو یہ ہے اس کا بڑا احسان ہم پر ہے اور ہمیں اس کا احسان ماننا چاہیے۔

(ہ) گائے کو بکری کی بات کیسی لگی؟

جواب: گائے اسکی باتیں سن کر شرمندہ ہوگئی اور اس نے جو آدمی کو بُرا بھلا کہا تھا، اس سے شرمسار ہوگئی، کیونکہ اسنے دل میں سوچا کہ یہ اس نے اچھا نہیں کیا۔

۲۔ جملوں میں استعمال کریں: سراپا۔ صدائیں۔ دُہائی۔ ماجرا۔ گلہ

الفاظ	جملے
سراپا	وہ مالک کو دیکھ کر سراپا انکسار بن گیا۔
صدائیں	دیں گلی گلی صدائیں کہ سراغ کوئی پائیں۔
دہائی	اللہ کی دہائی ہے اس ظلم کے خلاف۔
ماجرا	یہ دو دن میں کیا ماجرا ہوگیا؟۔
گلہ	کسی سے گلہ نہیں، یہ اپنی تقدیر ہے۔

۳۔ مصرعے مکمل کیجئے۔

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

(الف) کیا سماں اس بہار کا ہو بیاں۔

(ب) آدمی سے کوئی بھلا نہ کرے۔

(ج) بات سچی ہے بے مزہ لگتی۔

(د) نہیں کہوں گی مگر خدا لگتی۔

۴۔ نظم کے پہلے دوسرے اور آخری شعر کی نثر بنائیے۔

جواب: (۱) ایک مویشیوں کے چرنے کی جگہ خاصی ہری بھری تھی اور اسکو دیکھ کر بہار کا گمان ہوتا تھا۔

(۲) یہاں ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھیں اور پرندوں کے چہچہانے کی آوازیں آرہی تھیں۔

(۳) اگرچہ بکری چھوٹی تھی لیکن اسکی بات دل کو لگ رہی تھی۔

۵۔ خوشی اور مسرت کے موقع پر جو الفاظ اچانک منھ سے نکلیں انھیں حروف انبساط (مسرت) کہتے ہیں۔: مثلاً

آہا! واہ واہ! اوہو! ہرا! ماشااللہ وغیرہ۔

ان حروفِ انبساط سے اپنے جملے بنائیے۔

(۱) آہا! مزا آگیا خوب منہ میٹھا کرایا۔

(۲) واہ واہ! کیا چھکا مارا میاں داد نے۔

(۳) اوہو! آپ بھی تشریف فرما ہیں۔

Perfect24u.com

(۴) ماشاءاللہ! کیا رنگ جمایا ہے۔

(۵) ہرادیا بھارتی سورما کو۔

(٦) دیئے گئے بیانات میں سے درست جواب پر نشان لگایئے

(الف) چراگہ کے معنی ہیں

(الف) سبزہ گاہ ✓ (ب) جنگل (ج) کھیت (د) باغ

(ب) یہ لفظ درست ہے

(الف) بڑبڑانا (ب) بَڑبَڑانا ✓ (ج) بُڑبُڑانا (د) بڑبڑانا

(ج) ان میں سے حرف انبساط کونسا ہے؟

(الف) اوہ (ب) اُو (ج) ایہہ (د) آہا ✓

طائر کے معنی ہیں۔ (الف) درندہ (ب) پرندہ ✓ (ج) چرندہ (د) زندہ

More Notes, Books Visit Now: www.Perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com